# مدنی پھول

## مدنی مشورہ

## مرکزی مجلسِ شوریٰ (دعوتِ اسلامی)

(اگست 2016)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## دُرُودِ پاک کی فضیلت

شیخ طریقت، امیرِ اَہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ **"ضیائے دُرُود و سلام"** کے صَفْحَہ 3 پر فرمانِ مصطفٰی (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم) نقل فرماتے ہیں: جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُس پر دس (10) رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر دس (10) مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُس پر سو (100) رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر سو (100) مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ **نِفاق اور جہنّم کی آگ سے آزاد** ہے اور اُسے بروزِ قِیامت **شُہَداء کے ساتھ** رکھے گا۔ (مُعجَم اَوسَط ج ۵ ص ۲۵۲ حدیث ۷۲۳۵)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## مَدَنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ و نگرانِ کابینات و مجلس بیرونِ ملک و عالمی مجلسِ مشاورت

| | | |
|---|---|---|
| 2 تا 5 ذُوالْقَعْدَۃِ الْحَرَام 1437ھ | مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی | 6 تا 9 اگست 2016ء |

## مریض کی عِیادت کا ثواب

بیمار کی عِیادت کرنا بڑے اجر و ثواب کا کام ہے، شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب و سینہ، صاحبِ مُعطّر پسینہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جس نے مریض کی عِیادت کی، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس پر پچھتّر ہزار (75,000) ملائکہ کے ذَرِیعے سایہ فرمائے گا اور گھر واپس آنے تک اسکے ہر قدم اٹھانے پر اس کے لئے ایک نیکی لکھی جائے گی اور اس کے ہر قدم رکھنے پر اس کا ایک گناہ مٹا دیا جائے گا اور ایک دَرجہ بلند کیا جائے گا، جب وہ مریض کے ساتھ بیٹھے گا تو رحمت اسے ڈھانپ لے گی اور اپنے گھر واپس آنے تک رحمت اسے ڈھانپے رہے گی۔ (الترغیب والترھیب حدیث ۳۱، ج۴، ص ۵۶۱)

## قبر میں فِرِشتے عِیادت کریں گے

حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہ تعالٰی عَنہُ سے روایت ہے کہ حضورِ پاک، صاحبِ لَو لاک، سیّاحِ افلاک صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''حضرتِ سیِّدنا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّناوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام نے **اللہ** عَزَّوَجَل سے عَرض کی کہ ''مریض کی **عیادت** کرنے والے کو کیا اجر ملے گا؟'' **اللہ** عَزَّوَجَل نے اِرشاد فرمایا: ''اس کے لئے دو فِرِشتے مقرر کئے جائیں گے، جو قیامت تک اس کی **قبر** میں روزانہ اس کی عیادت کریں گے۔'' (شرح الصدور بشرح حال الموتی والقبور، ص ۱۵۹)

## عِیادت کے سات (7) مَدَنی پھول

**دعوتِ اسلامی** کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب ''**بہارِشریعت**'' جلد 3 حصہ 16 صَفحہ 505 پر صدرُ الشَّریعہ، بدرُ الطَّریقہ حضرتِ علاّمہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ❁ مریض کی عِیادت کرنا سُنّت ہے ❁ اگر معلوم ہے کہ عِیادت کو جائے گا تو اس بیمار پر گراں گزرے گا، ایسی حالت میں عِیادت نہ کرے ❁ عِیادت کو جائے اور مرض کی سختی دیکھے تو مریض کے سامنے یہ ظاہر نہ کرے کہ تمہاری حالت خراب ہے اور نہ سر ہلائے، جس سے حالت کا خراب ہونا سمجھا جاتا ہے ❁ اس کے سامنے ایسی باتیں کرنی چاہئیں، جو اس کے دل کو بھلی معلوم ہوں ❁ اس کی مِزاج پُرسی کرے ❁ اس کے سر پر ہاتھ نہ رکھے مگر جبکہ وہ خود اس کی خواہش کرے۔ ❁ فاسِق کی عِیادت بھی جائز ہے کیونکہ عِیادت حقوقِ اسلام سے ہے اور فاسِق بھی مُسلِم ہے۔ (بہارِ شریعت، ج ۳، ص ۵۰۵)

## مریض کے لئے دُعا

حضرتِ سیِّدنا ابنِ عباس رَضِیَ اللہ تعالٰی عَنہُمَا سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: جس نے کسی ایسے مریض کی عِیادت کی، جس کی موت کا وَقت قریب نہ آیا ہو اور سات (7) مرتبہ یہ الفاظ کہے تو **اللہ** عَزَّوَجَل اسے اس مرض سے شفا عطا فرمائے گا: اَسْئَلُ اللہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ یعنی میں عظمت والے، عرشِ عظیم کے مالک **اللہ** عَزَّوَجَل سے تیرے لئے شفاء کا سوال کرتا ہوں۔ (سنن ابی داؤد، حدیث ۳۱۰۶، ج ۳، ص ۲۵۱)

کسی کی عیادت کرنے جائیں تو یہ دعا پڑھا کریں: لَا بَأْسَ طُهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللہُ تَعَالٰی۔ (ترجمہ: کوئی حرج کی بات نہیں ان شاء اللہ تعالیٰ یہ مرض گناہوں سے پاک کرنے والا ہے)

www.dawateislami.net

## عِیادت کا مَدَنی انعام

امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ نیک بننے کے نُسخے **"مَدَنی اِنعامات"** میں سے ایک مَدَنی اِنعام مریض کی عِیادت کا بھی ہے، چنانچہ دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃُ المدینہ کے مطبوعہ 30 صفحات پر مشتمل رسالے **"72 مَدَنی اِنعامات"** کے صفحہ 19 پر مَدَنی اِنعام نمبر 53 ہے: کیا آپ نے اس ہفتہ کم ازکم ایک مریض یا دُکھی کی گھر یا اسپتال جا کر سُنّت کے مطابق **غمخواری** کی اور اسکو تحفہ (خواہ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ یا پمفلٹ) پیش کرنے کے ساتھ ساتھ **تعویذاتِ عطّاریہ** کے استعمال کا مشورہ دیا؟

اُتار دے مری نَس نَس میں "مَدَنی اِنعامات"
نصیب ہوتا رہے "مَدَنی قافِلہ" یا ربّ

## تعزیت کرنے کے فوائد

جب کسی کا بچّہ بیمار ہو جائے، کوئی بے روزگار یا قرضدار ہو جائے، حادِثے کا شکار ہو جائے، چور یا ڈاکو مال لیکر فرار ہو جائے، کاروبار میں نقصان سے ہمکنار ہو جائے کوئی چیز گم ہو جانے کے سبب بیقرار ہو جائے، اَلغَرَض کسی طرح کی بھی پریشانی سے دوچار ہو جائے، اُس کی دلجوئی کرنا، اسے تسلی دینا، بَہُت بڑے ثواب کا کام ہے چُنانچہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، رسولِ انور، مَحْبوبِ رَبِّ اکبر صلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا اِرشادِ رُوح پَرْوَر ہے: جو کسی غمزدہ شخص سے تعزیت کرے گا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُسے تقوٰی کا لباس پہنائے گا اور رُوحوں کے درمِیان اس کی رُوح پر رَحمت فرمائے گا اور جو کسی مصیبت زدہ سے تعزیت کریگا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُسے جنّت کے جوڑوں میں سے دو ایسے جوڑے پہنائے گا، جن کی قیمت (ساری) دنیا بھی نہیں ہو سکتی۔ (المعجم الاوسط، ج٦، ص ٤٢٩، الحدیث ٢٩٢٩)

﴾1﴿...... ہر ذِمّہ دار کو چاہیے کہ وہ روزانہ اسلامی بھائیوں کی غم خواری، حوصلہ افزائی اور عیادت کے لیے صوتی پیغام (Voice Message)، فون یا مسیج (Sms) کی ترکیب بنائے۔

﴾2﴿...... خیر خواہی، عیادت اور غم گساری سے اسلام پھیلا ہے، اسے اپنی عادت بنالیجئے۔

﴾3﴿...... امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا معافی مانگنے اور اسلامی بھائیوں کی دلجوئی کرنے والا انداز ہے۔

﴾4﴿...... اسلامی بھائی معافی مانگنے اور دلجوئی کرنے والا انداز اختیار کریں۔ مدنی مشوروں کے اختتام پر بھی معافی

تلافی کی ترکیب ہونی چاہیے۔

﴿5﴾……بغیر کام کے کبھی کبھار مزاج پُرسی کے لیے آپس میں ایک دوسرے سے رابطہ کرلیا جائے۔ جو رابطے میں نہیں رہا، اُسے کال کرکے حال احوال پوچھ لیا کریں۔

## ''ہفتہ برائے اجتماعی دُعائے صحت''

﴿6﴾……9 تا 16 اگست 2016ء اتوار تا اتوار ''ہفتہ برائے اجتماعی دعائے صحت'' کی ترکیب بنائی گئی۔

﴿7﴾……نگران کو چاہیے کہ وہ اسلامی بھائیوں کی بِتکلُّف (بِ۔ت۔کل۔لُف) خیر خواہی اور غم خواری کرے، یہاں تک کہ یہ اسکی عادت بن جائے۔

## اذان کا جواب دینے اور نماز باجماعت پڑھنے کی پابندی کیجئے

﴿8﴾……اذان کے دوران مدنی مشورہ کرنے کی اجازت نہیں، جیسے ہی اذان شروع ہو، مدنی مشورہ موقوف کرکے اذان کا جواب دیجئے۔

﴿9﴾……دعوتِ اسلامی کے مدنی مراکز میں کوئی ایسا نظام بنایا جائے کہ جملہ اسلامی بھائی بشمول خادم اسلامی بھائی تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ باجماعت نماز ادا کریں۔

## مدنی مشورے کی نیّت

﴿10﴾…… ذِمّہ داران مدنی مشورے سے قبل یہ بھی نیّت کیا کریں کہ اسلام کی ترویج واشاعت اور اسلام وسُنّیت کے لیے نیز شریعت کے تقاضے پیشِ نظر رکھتے اور شرکاء مدنی مشورے کی عزّت و ناموس کی حفاظت کرتے ہوئے، مدنی مشورہ کروں گا۔

﴿11﴾……مدنی مشورہ بھرپور تیاری اور اس کے تقاضے پورے کرتے ہوئے ہو تو یہ مدنی کاموں کی جان ہے۔ ''رسائلِ دعوتِ اسلامی'' میں سے رِسالہ ''**مدنی مشورے کی اہمیت**'' کا مطالعہ کیجئے۔

## 12 مدنی کاموں کو مضبوط کرنے کے لیے پاکستان بھر میں علاقہ علاقہ مدنی مشورے

۞12 مدنی کام دعوتِ اسلامی کی بنیاد ہیں ۞دعوتِ اسلامی کے 12 مدنی کاموں کو مضبوط کرنے کے لیے نگرانِ کابینات، منتخب اسلامی بھائیوں کے ذریعے علاقہ سطح پر پیشگی تحریری اطلاع کے ساتھ مدنی مشوروں کی ترکیب کریں۔

www.dawateislami.net

۞ شرکائے مدنی مشورہ کو 12 مدنی کاموں بالخصوص ’’2 درس‘‘ کی بھرپور ترغیب دلائی جائے، جن کے پاس ذِمّہ داری نہ ہو، انہیں ہاتھوں ہاتھ کوئی نہ کوئی ذِمّہ داری دی جائے ، جو اسلامی بھائی مدنی کاموں میں متحرک ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کی جائے ۔ ۞ان مدنی مشوروں میں قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی اہمیت و ترغیب بھی شامل کی جائے اور رسیدیں بھی تقسیم کی جائیں ۔ ۞قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی اچھی اچھی نیّتیں اور احتیاطیں رِسالہ ’’اَبلق گھوڑے سوار‘‘ صفحہ نمبر 41 سے کروائی جائیں ۔

**مدنی مشورے کے شرکاء:** ۞علاقے میں رہنے والے تمام دعوتِ اسلامی والے، چاہے وہ رکنِ شوریٰ، کابینات و کابینہ و ڈویژن، کسی بھی سطح کے ذِمہ دار ہوں ۞اعتکاف (پورا ماہِ رمضان/آخری عشرہ) کرنے والے ۞ مدنی ماحول میں کوئی بھی کورس کرنے والے ۞جو پہلے آتے تھے، اب نہیں آتے ۞ بڑی راتوں یا جلوسِ میلاد میں شرکت کرنے والے ۞اُس علاقے میں رہنے والے جامعۃ المدینہ (للبنین) کے طلباءِ کرام و مدرسین ۞ جامعۃ المدینہ (للبنین) میں بھی الگ سے مبلغ مدنی مشورے کریں، جن میں رہائشی طلباءِ کرام و مدرسین و ناظمین شرکت کریں ، جامعۃ المدینہ میں مدنی مشورے متعلقہ رکنِ شوریٰ، نگرانِ کابینات یا نگرانِ کابینہ ہی کریں ۔

﴾12﴿......ذیلی تا شوریٰ تمام اسلامی بھائی 12 مدنی کاموں میں بھرپور شرکت کیا کریں ۔

﴾13﴿......دعوتِ اسلامی کے شعبوں کو مضبوط کرنے کے لیے ذیلی حلقے کے بارہ مدنی کاموں پر بھرپور توجہ دی جائے

﴾14﴿......ذِمّہ داران کے ساتھ مضبوط رابطہ اور پوچھ گچھ و خبر گیری (Follow up) کیجئے اِنْ شَآءَاللّٰہعَزَّوَجَل یہ مدنی کاموں کی ترقی کا باعث ہوگا کہا جاتا ہے رسیاں کسیں گے تو خیمہ مضبوط ہوگا ۔

## پروفیشنل و تجربہ کار اسلامی بھائی تلاش کیجئے

﴾15﴿......اپنے علاقوں میں ایسے افراد تلاش کریں جو پروفیشنل (Professional) ہوں اپنے شعبے میں انتہائی تجربہ کار ہوں، ان کی مدنی تربیّت کریں، انہیں ان کے متعلقہ شعبوں کی ذِمّہ داریاں دیں مثلاً شعبۂ تعلیم مجلس اصلاح برائے قیدیان، مجلس آئی ٹی (I.T) وغیرہ۔

﴾16﴿......صحیح جگہ کے لیے صحیح فرد کا انتخاب کرنا، ہماری اہم ذِمّہ داری ہے ۔

﴾17﴿......کئی شعبے تربیت گاہ نہیں ہوتے بلکہ ان میں تربیت یافتہ اسلامی بھائیوں کی ضرورت ہوتی ہیں ۔

﴾18﴿......صحیح افراد کے تقرر نہ کرنے سے نقصان پہنچ سکتا ہے ۔

www.dawateislami.net

## جامعۃُ المدینہ اور مدرسۃُ المدینہ کا جدول

﴿19﴾......اراکینِ شوریٰ، نگرانِ کابینات و نگرانِ کابینہ، جامعۃ المدینہ/ مدرسۃ المدینہ کے متعلقہ کابینات ذِمہ دار یا ناظم صاحب سے مشورہ کر کے جامعۃ المدینہ اور مدرسۃ المدینہ کا جدول بنائیں۔ جامعۃ المدینہ کے طلبہ و اساتذۂ کرام، مدرسۃ المدینہ کے قاری صاحبان اور دعوتِ اسلامی کے ائمہ کرام کو وقت دیں، ان پر انفرادی کوشش کریں، ان سے مربوط رہیں اور انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کا عادی بنائیں۔

﴿20﴾......اراکینِ شوریٰ جامعۃ المدینہ میں بیانات کریں۔ رکنِ شوریٰ حاجی محمد اسد عطاری مدنی اراکینِ شوریٰ کا جدول بنائیں۔ **ہدف: 7 دن**

## مجلسِ اجارہ

﴿21﴾...... ہر کابینات کی مجلس اجارہ، مجلس مالیات اور نگران کابینات، ہر تین ماہ کے بعد اپنی کابینات کے تمام اجیروں کے مدنی کاموں کا جائزہ لیں، اچھی کارکردگی پر حوصلہ افزائی اور کمزور ہو تو انہیں مدنی کاموں کی ترغیب پر مشتمل میٹھا میٹھا پیغام (Message) بھیجیں، 12 ماہ میں 4 مرتبہ ایسا کریں۔

## دعوتِ اسلامی کے مدنی مراکز فیضانِ مدینہ

﴿22﴾......مدنی مراکز فیضانِ مدینہ اور دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام مساجد کو آباد کرنے کے لیے ان میں ہفتہ وار اجتماع، مدرسۃ المدینہ بالغان، مدرسۃ المدینہ جز وقتی، بعدِ فجر مدنی حلقے، دیگر مدنی کام، تربیتی اجتماع، مدنی مشوروں کے علاوہ، خارجِ مسجد/ فنائے مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھانے کا انتظام کیا جائے۔

## مجلس حفاظتی اُمور

﴿23﴾...... ہفتہ وار اجتماع میں فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ وقت دینے والے مجلس حفاظتی اُمور کے اسلامی بھائیوں کی تربیت کی جائے، انہیں فعال کیا جائے، نگرانِ کابینہ ان کا مدنی مشورہ کریں۔ **ہدف: 29 ذیقعدہ ۱۴۳۷ھ**

## مجلس مالیات

﴿24﴾......مجلس مالیات نے جو مدنی پھول تیار کئے ہیں، اراکینِ شوریٰ حاجی امین عطاری مکتبہ، حاجی عبدالحبیب عطاری، حاجی یعفور رضا عطاری اور نگران پاکستان انتظامی کابینہ حاجی ابو رجب محمد شاہد عطاری ان کا اول تا آخر مطالعہ کر کے فائنل کریں۔ **ہدف: 20 اگست 2016ء**

www.dawateislami.net

﴾25﴿...... ہر کابینات میں نگرانِ کابینات متعلقہ اسلامی بھائیوں کے ساتھ ترقیاتی کاموں پر مدنی مشورہ کریں اور آئندہ کا متوقع بجٹ بنائیں اور ترقیاتی کام کیسے ہوں گے؟ اس کا طریقۂ کار طے کریں۔

﴾26﴿...... مجلسِ مالیات کو کسی ذِمّہ دار کی طرف سے کوئی مسئلہ ہو تو نگرانِ کابینات کو تحریر دے۔ وہ حل نہ کریں تو متعلقہ رکنِ شوریٰ کو اس سے آگاہ کیا جائے۔

## نئے پلاٹ اور تعمیرات

﴾27﴿...... نئے پلاٹ میں تعمیرات کا آغاز متعلقہ رکنِ شوریٰ کے مشورے سے کیا جائے نیز پاکستان میں نگران پاکستان انتظامی کابینہ حاجی ابو رجب محمد شاہد عطاری اور بیرونِ ملک حاجی عبدالحبیب عطاری کی اجازت بھی ضروری ہے۔

﴾28﴿...... ملک و بیرونِ مُلک دعوتِ اسلامی والے، جب بھی کوئی مسجد تعمیر کریں تو عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) کو پیشِ نظر رکھیں اور ''مدنی گنبد'' کی طرح گنبد بھی بنائیں۔

## ہر تحریر مجلس ''المدینۃ العلمیہ'' سے چیک کروائیے

﴾29﴿...... کسی بھی مجلس وشعبہ (ملک و بیرونِ ملک) کو اجازت نہیں کہ وہ کوئی بھی تحریر ''مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ'' سے چیک کروائے بغیر شائع کرے بلکہ اس مجلس کی اجازت کے بغیر موجودہ انداز سے ہٹ کر تحریر کا فاؤنٹ بھی تبدیل نہ کیا جائے۔

﴾30﴿...... ''مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ'' وہی تحریر چیک کرے گی، جو نگرانِ کابینہ و نگرانِ کابینات اور ملک سطح کی مجلس کے نگران میل کریں گے۔

## عُلمائے اَہلِ سُنّت سے رابطے میں رہئے

﴾31﴿...... ☆ علمائے اَہلِ سُنّت دعوتِ اسلامی سے بہت محبت کرتے ہیں۔ ☆ علمائے اَہلِ سُنّت کے بغیر ہم کچھ نہیں۔ ☆ آئمہ اور علمائے کرام ومشائخِ عظام سے رابطہ اور تعلقات ضروری ہیں، اِنہیں دعوتِ اسلامی کا بھرپور تعارف پیش کریں، مدنی کاموں کی اَپ ڈیٹس (Updates) دیں، ان سے اسلام وسُنّیت، علماء ومشائخِ اہلسنّت اور دعوتِ اسلامی وامیرِ اہلسنّت کے لیے دُعائیں کروائیں۔ اسی طرح مساجد کی کمیٹیوں کے افراد سے بھی رابطہ مضبوط کریں ☆ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اَہلِ سُنّت کے تمام دارالعلوم اور خانقاہوں کو سلامت رکھے اور انہیں مزید ترقی دے ☆ نگرانِ کابینات، اپنی کابینات اور نگرانِ کابینہ اپنی کابینہ کے اہم علماء ومشائخ سے رابطے میں رہیں۔

﴾32﴿......کئی کام انفرادی طور پر نہیں کیے جاسکتے بلکہ اجتماعی طور پر ہوتے ہیں۔

## مجلس ائمہ کرام وامامت کورس

﴾33﴿......مجلس ائمہ کو مضبوط کریں، امامت کورس میں اضافہ کریں، کورس کرنے والوں کی مدنی تربیت کریں۔ جو امام مدنی مقصد کے تحت، مقتدیوں سے رابطے میں رہنے والا، ان کی غم خواری کرنے والا نیز ان کے دکھ سکھ میں شریک ہونے والا ہوگا تو وہاں دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں میں بھی ترقی ہوگی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

﴾34﴿......جامعۃُ المدینہ کے ہر طالبِ علم کو ذہن دیجئے کہ وہ امامت ضرور کرے۔

## اجتماعی قربانی

﴾35﴿......اجتماعی قربانی کی بھرپور ترکیب بنائیے، اس کے لیے مجالس کا قیام اور اِفتاء مکتب سے انکی کی تربیت کا اہتمام کیجئے۔ ذُو الْقَعْدَةِ الْحَرَام میں اس مدنی کام پر بھرپور توجہ رکھئے۔

## اجتماعی قربانی کے اہداف

| کابینات | بڑے جانور مثلاً گائے کی تعداد | کابینات | بڑے جانور مثلاً گائے کی تعداد | کابینات | بڑے جانور مثلاً گائے کی تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| عطاری | 2600 | برکاتی | 500 | اصحابی | 100 |
| امجدی | 700 | قادری | 500 | جنیدی | 500 |
| سیرانی | 526 | سہروردی | 700 | چشتی | 1200 |
| غزالی | 700 | حسینی | 1200 | ہجویری | 8000 |
| صدیقی | 1900 | مہروی | 1200 | حنبلی | 800 |
| محمدی | 500 | جیلانی | 500 | میلادی | 50 |

بیرونِ مُلک :6300

## قربانی کی کھالیں

﴾36﴿......قربانی کی کھالیں، زیادہ سے زیادہ جمع کرنے کے لیے مدنی مشوروں کی تراکیب کی جائیں، نگرانِ کابینہ

www.dawateislami.net

پیشگی جدول بنا کر علاقہ، ڈویژن، کابینہ، مدرسۃ المدینہ وجامعۃ المدینہ وغیرہ کا مدنی مشورہ کریں۔

37...... **قربانی کی کھالیں جمع کرنے میں اضافے کے اہداف:**

| کابینات | بڑے جانور مثلاً گائے کی تعداد | کابینات | بڑے جانور مثلاً گائے کی تعداد | کابینات | بڑے جانور مثلاً گائے کی تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| عطاری | 63% | برکاتی | 41% | اصحابی | 41% |
| امجدی | 52% | قادری | 52% | جنیدی | 63% |
| سیرانی | 52% | سہروردی | 61% | چشتی | 100% |
| غزالی | 100% | حسنینی | 42% | ہجویری | 63% |
| صدیقی | 63% | مہروی | 63% | حنبلی | 52% |
| محمدی | 100% | جیلانی | 200% | میلادی | 30% |

38...... مجلس چرمِ قربانی، قربانی کی کھالوں کے گودام کے مسائل، اِفتاء مکتب سے حل کروا کر اس کی کارکردگی نگران پاکستان انتظامی کابینہ حاجی ابو رجب محمد شاہد عطاری کو پیش کریں۔ **ہدف:** 22 ذُوالْقَعْدَةِ الْحَرام ۱۴۳۷ھ

## وقف مبلغین

39...... وقف مبلغ وہ ہے جو مدنی کاموں میں مصروف رہے۔ (پیشگی جدول کے مطابق گھر جائے)

## مجلسِ حج وعمرہ

40...... حکومت کی ترکیب میں حج کرنے والے حاجیوں کی تربیت حاجی کیمپ میں کی جائے اور پرائیویٹ کمپنی یا کاروان کے تحت حج کرنے والوں کی تربیّت پرائیویٹ کمپنی یا کاروان والوں کے مشورے سے کسی اہم جگہ پر تربیتی اجتماع کا انعقاد کر کے کی جائے۔ تربیت کرنے والے تربیت یافتہ مبلغین ہوں اور بیان سے پہلے اعلان کر دیں، کاروان کے انتظامی معاملات سے دعوتِ اسلامی کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

## گھر گھر جائیے

41...... ہر 4 ماہ میں ایک مرتبہ دعوتِ اسلامی والے کسی مخصوص رسالے یا پمفلٹ کو لے کر گھر گھر، دکان دکان جائیں۔ اسلامی بھائیوں سے ملاقات کریں ان پر انفرادی کوشش کر کے انہیں مدنی ماحول سے وابستہ کرنے کی کوشش کریں۔ اسی طرح مجلس رابطہ والے آفس آفس جائیں۔ اس کی ایک تحریک چلے اور ہر دعوتِ اسلامی والا اس میں شریک

www.dawateislami.net

ہو۔ہمیں امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِیَه کا ہر نیا رسالہ گھر گھر پہنچانا ہے۔(علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کی ترکیب تو ہفتہ وار ہونی ہی چاہئے)

## نئی ترکیب

﴾42﴿......مجلسِ حج وعمرہ (پاکستان) کی ذِمّہ داری قاری محمد شوکت عطاری (سردار آباد فیصل آباد) کو دی گئی۔

## مکتبۃُ المدینہ

﴾43﴿...... ہر نگرانِ کابینہ روزانہ کچھ وقت مکتبۃ المدینہ کو دیں، مکتبۃ المدینہ والے نگرانِ کابینہ کو کتب و رسائل کی سیل کے بارے میں آگاہ کریں، ان میں سے جن کی سیل کم ہو، نگرانِ کابینہ ذِمہ دار اسلامی بھائیوں کو اس کی سیل بڑھانے کی ترغیب دلائیں۔

﴾44﴿......تمام ذِمّہ داران ہر نئے رسالے کو خود بھی پڑھیں اور دیگر اسلامی بھائیوں کو بھی پڑھنے کی ترغیب دلائیں۔

﴾45﴿...... پاکستان انتظامی کابینہ مکتب سردار آباد (فیصل آباد) سے، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے ہر نئے رِسالے کے مطالعے کی کارکردگی ہر ذِمہ دار (نگران واراکین کابینات، نگران واراکینِ کابینہ) سے لی جائے گی۔اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَل

## مجلسِ اعتکاف

﴾46﴿......اجتماعی تربیتی اعتکاف وہیں کروایا جائے، جہاں تربیت کرنے والے مبلغین ہوں۔

﴾47﴿...... یہ سارے سال کا مدنی کام ہے، ماہِ رمضان سے دو تین مہینے پہلے اجتماعی اعتکاف میں وقت دینے والے مبلغین کا اِنتخاب کیا جائے اور ان کی تربیت کی ترکیب ہو۔

﴾48﴿......مجلس اعتکاف کی کوششوں سے تربیتی اعتکاف میں قدرے مضبوطی آئی ہے مگر مزید بہتری کی حاجت ہے۔

﴾49﴿......تربیتی اعتکاف دعوتِ اسلامی کا بہت بڑا کام ہے، اس میں بھرپور کوشش کی جائے تو دعوتِ اسلامی کے کئی مدنی کام مضبوط ہوسکتے ہیں۔تربیتی اعتکاف کے سے کیا کیا فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں نگران مجلس اعتکاف اسے لکھ لیں اور اس کے مطابق تیاری شروع کردیں۔یہ تیاری سارا سال جاری رہنی چاہیے۔

﴾50﴿......مجلس اعتکاف کو فعّال کیا جائے، اعتکاف میں تربیت کرنے والے مبلغین کو سال میں تین یا چار دفعہ مدنی مذاکروں میں خصوصیت کے ساتھ شرکت کروائی جائے۔مدنی مذاکرہ تربیت کا بہترین ذریعہ ہے۔

## رنگ برنگے مدنی پھول

www.dawateislami.net

﴿51﴾......دعوتِ اسلامی کا بین الاقوامی (International) نمبر 92-21-111252692+ عام کیا جائے۔

﴿52﴾......چیزوں کی ترتیب درست ہو جائے تو چیزیں نظروں سے اوجھل نہیں رہتیں۔

﴿53﴾......خود کو غلط فیصلوں سے بچایئے اور اہل اسلامی بھائیوں سے مشورہ کر کے مدنی کام کرنے کی عادت بنایئے۔

﴿54﴾......کئی مقامات پر غلطی کی گنجائش نہیں ہوتی اور ایک ہی غلطی بہت بڑے نقصان کا باعث بن جاتی ہے۔

﴿55﴾......دعوتِ اسلامی عقائد و اعمال کی اصلاح کے لیے بنی ہے۔ یہ ایمان بچاؤ تحریک ہے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ

﴿56﴾......نہ آپریشن لُوز ہونے دیں نہ سسٹم فلاپ ہونے دیں۔ (اگر یہ بات سمجھ میں نہ آئے تو متعلقہ رکنِ شوریٰ سے سمجھ لیں)

﴿57﴾......اپنے شعبے کو بھرپور وقت دیں اور اسے اپنے لوازمات کے ساتھ انتہا تک لے کر جائیں۔

﴿58﴾......اہل محبت کوئی غلطی بتائیں تو اس کا نوٹس لیا جائے۔ اگر غلطی ہو تو درستی کی جائے اور انہیں غلط فہمی ہو تو اچھے انداز سے انہیں آگاہ کیا جائے۔

﴿59﴾......نگران کا انداز سادہ اور سادگی والا ہونا چاہیے۔

﴿60﴾......فنگر کاؤنٹر (Finger Counter) ہو تو اوراد و وظائف پڑھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ (فرمانِ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ)

﴿61﴾......جو اجیروں کے جدول یا کام چیک کرتا ہو، اس کے لیے اسے ''چیک کرنے کا علم ہونا'' بھی ضروری ہے۔ (فرمانِ امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ)

## مدنی مشورہ مجلس بیرونِ مُلک

| | | |
|---|---|---|
| 4 ذوالقعدۃ الحرام 1437ھ | مدنی مرکز فیضان مدینہ باب المدینہ کراچی | 8 اگست 2016ء |

## مدنی کام

﴿62﴾......مدنی کام کو تقسیم کرنے کا مقصد مدنی کام کو بڑھانا ہے، اس لیے جب بھی مدنی کام کو تقسیم کیا جائے تو اس بات پر ضرور توجہ دی جائے کہ مدنی کام بھی بڑھا یا نہیں؟

﴿63﴾......عموماً کابینہ/کابینات وغیرہ اس وقت بڑھائی جاتی ہیں جبکہ مدنی کاموں میں اضافہ ہو۔

﴿64﴾......دعوتِ اسلامی مدنی کام بڑھاؤ تحریک ہے فقط ذِمّہ دار بناؤ تحریک نہیں۔

www.dawateislami.net

﴿65﴾...... تنظیمی نظام کے مطابق مدنی کام کریں گے تو ہمیشہ سُکھی رہیں گے ورنہ بڑی غلطی ہونے کا اندیشہ ہے۔

﴿66﴾...... مدنی کام کرنے میں رکاوٹیں آتی ہیں مگر کوشش کریں تو راستہ آسان ہو جاتا ہے۔

## مجلس حج و عمرہ

﴿67﴾...... حج کے ایّام میں دنیا بھر سے حرمین طیبین میں مختلف اقوام، رنگ و نسل کے لوگوں کی آمد ہوتی ہے۔ جن ممالک میں ہمارے تنظیمی روابط یا جن اقوام میں ہمارا مدنی کام نہیں ہے۔ حج کے موسم میں ان میں دعوتِ اسلامی کا پیغام پہنچانے کا بہترین موقع ہوتا ہے۔

﴿68﴾...... حج کے موقعے پر حرمین طیبین میں ایک مجلس بنائی جائے، جو مختلف ممالک سے آنے والے حاجیوں سے ملاقات کرے، ان سے روابط مضبوط کرے اور ان کے ممالک میں دعوتِ اسلامی کے مدنی کام کے آغاز کے لیے کوشش کرے۔ **ہدف**:20 ذُوالْقَعْدَةِ الْحَرَام ۱۴۳۷ھ

## مختلف اقوام میں دعوت اسلامی کا مدنی کام

﴿69﴾...... ہر ملک کے مقامی اسلامی بھائیوں کو مشاورتوں میں لیں، اِن ممالک کی عوام کو دعوتِ اسلامی کے مدنی کام کے لیے تیار کریں، وہاں کے علماء و مشائخ اور شخصیات سے ملاقات کر کے دعوتِ اسلامی کی معاونت کی درخواست پیش کریں۔

﴿70﴾...... آپ جس قوم میں مدنی کام کرنا چاہتے ہیں، اس کی عوام کو مدنی ماحول میں لانا اور مدنی کام کرنے کے لیے تیار کرنا ضروری ہے۔

﴿71﴾...... مبلغین جب بھی بیرونِ مُلک سفر کریں تو وہاں کی اقوام کے لوگوں میں بالخصوص مدنی کام کی ترکیب کریں۔ کسی بھی قوم میں مبلغ کو بھیجا جائے تو وہ وہاں کی زبان سمجھنے والا اور مدنی کاموں کو کرنے کی اہلیت رکھنے والا ہونا چاہیے۔

﴿72﴾...... بیرونِ مُلک میں مقامی اسلامی بھائی کتنے ہیں؟ اور ان میں کتنے ذِمّہ داریوں پر ہیں؟ ان کا مکمل ریکارڈ نگرانِ ممالک کے پاس ہونا چاہیے۔

## مختلف زبانوں اور اقوام کے اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت

﴿73﴾...... بیرونِ مُلک کے اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت کے لیے ”12 دن کا کورس“ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) میں کروایا جائے گا۔

www.dawateislami.net

﴿74﴾......دنیا بھر کی مختلف زبانوں اور اقوام سے تعلق رکھنے والے اسلامی بھائی عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں 25صفر المظفر تا 11ربیع الاخِر ۱۴۳۸ھ حاضر ہوں گے اور ربیع الاول کے 12 اور ربیع الاخر کے 11 مدنی مذاکروں میں شرکت کرنے کے ساتھ ساتھ مدنی کاموں کی مدنی تربیت حاصل کریں گے۔اس میں بیرونِ مُلک سے پاکستان کے مختلف تعلیمی اداروں مثلاً اسلامک یونیورسٹی ،قائد اعظم یونیورسٹی (اسلام آباد)،یونیورسٹی آف اِنجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (UET)،کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج (مرکز الاولیاء لاہور)،بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی،نشتر میڈیکل کالج (مدینۃ الاولیاء ملتان شریف)،لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل سائنس،مہران یونیورسٹی آف اِنجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی،سندھ یونیورسٹی (جامشورو باب الاسلام سندھ)،کراچی یونیورسٹی (باب المدینہ کراچی)وغیرہ میں پڑھنے کے لیے آئے ہوئے طلبہ کو بھی شرکت کروائی جائے۔

## ان ایام میں بیرونِ مُلک سے 112 ممالک کے مقامی اسلامی بھائیوں کی باب المدینہ حاضری کا ہدف

| نام ممالک | مقامی شرکا | نام ممالک | مقامی شرکا | نام ممالک | مقامی شرکا |
|---|---|---|---|---|---|
| مدنی ممالک | 52عربی | مکی ممالک | 12انگریزی | رضوی ممالک | نیپالی 12 ہند کی مختلف زبانوں والے 600 |
| بلالی ممالک | 12سواحلی | بخاری ممالک | 12رشین | قادری ممالک | 12امریکن نارتھ، 7امریکن ساؤتھ |
| ہجویری ممالک | 26ایرانی | مالکی ممالک | 26عمانی | شافعی ممالک | 12چائنی، کورین 5، تھائی 5 |
| عطاری ممالک | 41یورپئین | حنفی ممالک | 126بنگالی | بغدادی ممالک | ------- |
| حنبلی ممالک | ---- | | | | |

﴿75﴾.......... ہند سے باب المدینہ کراچی آنے والے اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت کا الگ سے جدول ہونا چاہیے، جسے رکنِ شوری حاجی محمد بلال عطاری اور رکنِ شوریٰ حاجی محمد امین عطاری مکتبہ مشاورت سے طے کریں۔

﴿76﴾...... یوکے سے آنے والوں کے مدنی تربیتی کورس میں بطورِ معلم، رکنِ شوری حاجی محمد فضیل عطاری ہوں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

## مجلس تراجِم

﴿77﴾......اب تک مکتبۃُ المدینہ کی کتب ورسائل کا 35 زبانوں میں ترجمہ کیا جاچکا ہے،مزید کوششیں جاری ہیں۔

﴿78﴾...... فیضانِ سُنّت کے اَبواب کی نگرانِ بخاری ممالک سید محمد عاطف باپو رشین زبان میں، نگرانِ ہجویری ممالک

www.dawateislami.net

محمد امتیاز عطاری فارسی ،نگرانِ مالکی ممالک محمد شہاب عطاری عمانی اور عربی ،نگران حنفی ممالک ، رکنِ شوریٰ حاجی محمد علی اور محمد ایاز عطاری بنگلہ میں ترجمہ (ٹرانسلیشن ) کے لیے کوشش کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿79﴾......35 زبانوں میں امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کتب کا ترجمہ ہو چکا ہے اور 18 زبانوں میں ڈبنگ کا کام بھی پایۂ تکمیل تک پہنچ چکا ہے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ

## مجلس کورسز

﴿80﴾......کوئی بھی کام کرنے جائیں گے تو اس کے کئی ایک جزئیات ہوتے ہیں۔ بیرونِ مُلک کے اسلامی بھائیوں کو کورس کروانے کے بارے میں مکمل مدنی پھول بنائیں ، مقاصد لکھیں، پھر نتائج حاصل کرنے کے لیے جدو جہد کریں۔

﴿81﴾......جس مقصد کے لیے کوئی مجلس بنائی جائے ،وہ اس کی روح کے مطابق اور اس کے تقاضے پورے کرتے ہوئے دیا گیا، مدنی کام کرے، ورنہ مجلس قائم کرنے کا مقصد فوت ہو جائے گا۔

﴿82﴾......مدنی تربیتی کورس کروانے والا معلم مزاجاً شریف ،سُنّتوں کا پابند اور مدنی انعامات کا عامل ہونا چاہیے۔

﴿83﴾......معلم اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت ہر 3 ماہ کے بعد عالمی مدنی مرکز میں ہوگی۔ اس مدنی تربیت میں امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اور نگرانِ شوریٰ مدظلہ العالی کا پہلے سے وقت لیا جائے گا۔

﴿84﴾......تمام کورسز میں تجہیز و تکفین کی مدنی تربیت کو بھی شامل کیا جائے۔

﴿85﴾......اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجلس بیرونِ مُلک کے تحت ایسٹ افریقہ کے لیے 9 اسلامی بھائیوں کو سوائلی زبان کا کورس کروایا گیا۔

﴿86﴾......مدنی کورسز کروانے اور مدنی کاموں کے تعلق سے بیرونِ مُلک سفر کرنے والے مبلغین کے کام کو کراس چیک کیا جائے۔

﴿87﴾......یہ مدنی پھول طے شدہ ہے کہ بیرونِ مُلک کے لیے الگ سے معلمین کا انتخاب کیا جائے۔ نگرانِ ممالک کو چاہیے کہ اپنے ہاں کورس کروانے والے معلمین کو کورس مجلس سے جانچ کر کے لیں۔

﴿88﴾......کسی بھی کام کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے کیا کیا لوازمات ہونے چاہیے، تمام مدنی پھول پیشگی طے کیے جائیں۔

www.dawateislami.net

## دارُ المدینہ

﴿89﴾......دارُالمدینہ بنانے کا مقصد مدنی مُنّوں اور مدنی مُنّیوں کے ایمان کی حفاظت اور انہیں علم وعمل کا پیکر بنانا ہے۔اس کے لیے اساتذہ اسلامی بھائی اور اسلامی بہنوں کا مدنی تربیت یافتہ ہونا بہت ضروری ہے۔

﴿90﴾...... جہاں دارُالمدینہ بنانا چاہتے ہیں وہاں ایک بااعتماد مضبوط تنظیمی اور تعلیمی شعبے کی معلومات رکھنے والے ذِمّہ دار کا تقرر کیا جائے، جو مجلس دارُالمدینہ سے رابطہ میں آجائے۔پھر مجلس دارُالمدینہ کی اجازت سے اس کے تحت اسکول یا کالج چلانے کا تجربہ رکھنے والے اسلامی بھائی سے اجارہ کرلیا جائے۔

﴿91﴾......دارُالمدینہ چلانے کے لیے دعوتِ اسلامی کا مزاج رکھنے والے اہل اسلامی بھائیوں کا انتخاب کیا جائے ، جو دعوتِ اسلامی کے طریقۂ کار کے مطابق کام کریں۔☆ ہمیں دارُالمدینہ اپنی اصل روح کے مطابق کھولنا ہے جب تنظیمی طور پر مضبوط چلانے والے ہوں گے تب دارالمدینہ کھولا جائے ۔☆ دارُالمدینہ کھولنے کے لیے اسلامی بھائیوں میں مدنی کام کے ساتھ ساتھ اسلامی بہنوں میں بھی مدنی کام مضبوط ہونا چاہیے۔☆ جہاں آپ دارُالمدینہ کھولنا چاہتے ہیں، وہاں کے لیے ایک تنظیمی طور پر مضبوط اسلامی بھائی کو دارُالمدینہ کی ذِمّہ داری دینے کے ساتھ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے وابستہ اسلامی بھائی (جسے اجیر بھی کیا جاسکتا ہے) لے کر دارُالمدینہ مجلس کو پیش کر دیا جائے۔جس کی مجلس دارُالمدینہ مدنی تربیت کا اہتمام کرے گی ،جس کا دورانیہ تقریباً 2 ماہ ہوگا۔

## ناراض ہونا چھوڑ دیجئے

﴿92﴾...... تنظیمی ذِمّہ داران کو چھوٹی چھوٹی باتوں پر اپنے نگرانوں سے ناراض نہیں ہونا چاہیے ورنہ کوئی بڑا مدنی کام نہیں ہوسکے گا۔یہ ذہن بنالیجئے کہ میرے نگران بھی انسان ہی ہیں۔میں بھی انسان، نگران بھی انسان اور ماتحت بھی انسان ہی ہیں اور ہم جیسا اِنسان خطاء ونسیان سے مرکب ہے۔عفو ودرگزر اور صبر وتحمل سے، رِضائے ربُّ الانام عزوجل اور خوشنودیِ شاہِ خیرالانام صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم پانے کے لیے مدنی کام کو لے کر آگے بڑھتے جائیے۔

ے صبح وشام اِک ہی کام، 12 مدنی کام

﴿93﴾...... تنظیمی ذِمّہ دار شیشے کے برتن کی طرح نہیں ہونا چاہئے کہ تھوڑی سے ٹھیس لگے تو ٹوٹ جائے۔

﴿94﴾......خوش رہنا چاہتے ہیں تو لوگوں سے حتی الامکان ناراض ہونا چھوڑ دیں۔

﴿95﴾...... بڑا مدنی کام کرنا ہے تو سوچ بھی بڑی رکھیں۔

www.dawateislami.net

﴿96﴾......اختلاف رائے کا فائدہ تو ہوتا ہے البتہ مخالفت نہیں ہونی چاہیے۔

﴿97﴾......اسلامی بھائیوں کے عیبوں پر نظر کرنے کے بجائے خوبیوں کو دیکھئے:

عیبوں کو ڈُھونڈتی ہے عیب جو کی نظر

جو خوش نظر ہیں وہ حُسن و کمال دیکھتے ہیں

﴿98﴾......جو بھی نگران بنے، اس کی عزّت کریں، امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں: ''عزّت کرو، عزّت پاؤ گے''۔

## نگرانوں کے لیے مدنی پھول

﴿99﴾......نگرانوں کو بھی چاہئے کہ اگر انہیں کسی ذِمّہ دار کے ناراض ہونے کا معلوم ہو تو یہ دیکھنے کے بجائے کہ میری غلطی ہے یا نہیں؟ فوراً اس سے معافی مانگ لیں۔

﴿100﴾......جو اعتراض کرے، اسے آگے بڑھ کر دوست بنالیں۔

﴿101﴾......اہم منصب پر فائز ہونے کے بعد اس کے تقاضے بڑھ جاتے ہیں۔

﴿102﴾......اگر آپ چاہتے ہیں کہ لوگ آپ کو اہمیت دیں تو آپ دوسروں کو اہمیت دینا شروع کردیں۔

﴿103﴾ دعوتِ اسلامی کے نگران وماتحت کی مثال ٹرین کے ڈرائیور ومسافر کی طرح ہے، جس طرح مسافر گاڑی (ٹرین) میں بیٹھ کر ڈرائیور پر بھروسا کرتا ہے، اور ڈرائیور بھی سگنل ملنے پر ہی گاڑی چلاتا ہے۔ اسی طرح ماتحت کو چاہئے کہ وہ نگران کی اطاعت کرے اور نگران کو چاہئے کہ وہ مدنی مرکز کی رہنمائی سے مدنی کام کو آگے بڑھاتا جائے۔

﴿104﴾......ذِمہ داریوں کے لیے ظرف اور ہمّت بھی بڑھائیں۔

﴿105﴾......عموماً ناراض ہونے والے چپ نہیں رہتے، یوں مدنی کاموں کا نقصان ہوتا ہے۔

﴿106﴾......اہم ذِمّہ داری دینے سے پہلے خوب غور کرلیں گویا ٹھونک بجا کر دیکھ لیں، اہم ذِمّہ داری صرف اس کو دیں جو دعوتِ اسلامی سے ہر طرح سے متفق ہو۔

﴿107﴾......جان بوجھ کر خائن (خیانت کرنے والے) کو ذِمّہ داری پر رکھنا بھی خیانت ہے۔

## مسائل کو حل کیجئے

﴿108﴾......کسی بھی معاملے کو اِلتواء (Pending) کا شکار نہ ہونے دیں، چھوٹے چھوٹے معاملات پر کئی دن لگ

www.dawateislami.net

جانا، نقصان دہ ہے، تنظیمی ترکیب سے مسائل کا ہاتھوں ہاتھ حل نکالا جائے۔

﴾109﴿...... جب بھی کوئی مسائل لے آئے تو اسے سُنیں اور فوری حل کی ترکیب بنائیں۔

﴾110﴿...... بات قلیل اور پُر دلیل ہو، انتہائی مختصر اور ضروری کلام کیا جائے اور اعتدال کے ساتھ مسیج (Sms) فارورڈ کریں۔

﴾111﴿...... مدنی مشورے کرنا اور بڑوں کے مشورے ماننے میں فائدہ ہوتا ہے۔

## نئی ترکیب

﴾112﴿...... عرب شریف کا بینات کو 2 کا بینات میں تقسیم کیا گیا۔ مزید پہلے 7 کا بینہ تھیں، اب 3 کا بینہ کے اضافے کے ساتھ 10 کا بینہ بن چکی ہیں۔

﴾113﴿...... یوکے میں 500 مساجد ہیں جن پر پہلے 9 کا بینہ تھیں اب 4 کا بینات بنا دی گئی ہیں۔

﴾114﴿...... عطاری ممالک (یورپ) کے مدنی کاموں میں اضافہ ہوا ہے۔ جس کے پیشِ نظر اب عطاری ممالک کو بھی تنظیمی طور پر 3 کا بینات میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔

﴾115﴿...... ممالک کے آپس کی کیفیت کے فرق کی وجہ سے نظام میں کچھ نہ کچھ تبدیلی کی جاتی ہے۔

## کارکردگی و رابطے

﴾116﴿...... رکنِ شوریٰ حاجی ابوشعبان محمد بلال عطاری مجلس آئی ٹی کے تعاون سے بقرعید سے پہلے دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبوں کی کارکردگی کے بارے میں ایپلی کیشن بنائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَل

﴾117﴿...... جو کام شروع کر لیا ہے اس کا جائزہ لینا اور کمزوری دور کرنا ہماری ذِمّہ داری میں شامل ہے۔

﴾118﴿...... اراکینِ بیرونِ ملک، مدنی مشورے سے پہلے اپنے ممالک/شعبے کی تحریری کارکردگی بنا کر لائیں اور دورانِ مدنی مشورہ کارکردگی بیان کرنے کے ساتھ اس کی کاپی بھی نگرانِ مجلس کو جمع کروائیں۔

﴾119﴿...... شعبہ ذِمّہ داران، نگرانِ ممالک سے ڈائریکٹ رابطے میں رہیں، اسی طرح نگرانِ ممالک بھی معاون یا مکتب ذِمّہ دار سے رابطے کے بجائے متعلقہ شعبہ ذِمّہ دار سے ڈائریکٹ رابطہ فرمائیں۔

﴾120﴿...... بیرونِ ملک سے متعلق اپ ڈیٹس کے لیے سیّد محمد ریحان باپو عطاری (0300-3311226) سے رابطہ فرمائیں۔

﴾121﴿...... آئندہ کارکردگی میں ممالک و کابینہ/کابینات کے نام کے ساتھ سرکاری نام بھی لکھا جائے۔

**مجلس مدنی قافلہ/بیرونِ ملک مدنی قافلے**

www.dawateislami.net

﴿122﴾......دینِ اسلام کا پیغام مکہ شریف کے بعد سب سے پہلے حبشہ (ایتھوپیا) میں شروع ہوا۔عنقریب ایک مدنی قافلہ حبشہ سفر کرے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل۔

﴿123﴾......مقامی اسلامی بھائیوں کے ساتھ مل کر چلیں، اپنے ہر مدنی کام و مدنی مشورے میں ان کو شامل رکھیں اس سے ان کی حوصلہ افزائی کے ساتھ مدنی تربیت بھی ہوگی۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

﴿124﴾...... بیرونِ مُلک سے جو مدنی قافلے ایک ملک سے دوسرے ملک سفر کریں گے، ان مدنی قافلوں کے لیے ایک مبلغ پاکستان سے سفر کروانے کا طے ہوا۔

﴿125﴾...... ہند میں رکنِ شوری عبدالحبیب بھائی کی آمد پر 12 مدنی قافلے 30 دن کے سفر کروانے کا ہدف طے ہوا۔ان میں سے ایک مدنی قافلے میں رکنِ شوری عبدالحبیب بھائی خود بھی سفر فرمائیں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

﴿126﴾......دنیا میں وہ ممالک، جہاں جشنِ ولادت کے موقع پر جلوسِ میلاد وغیرہ کا سلسلہ نہیں ہوتا، ربیع الاول میں ان ممالک میں مدنی قافلے سفر کروائے جائیں۔ دعوتِ اسلامی کے مدنی قافلے کی برکت سے پہلی بار سرینیم و گیانہ (Suri Name & Guyana، ساؤتھ امریکہ) میں گزشتہ سال جشنِ ولادت پر 12 ویں شب اجتماعِ ذکر و نعت و مرحبا یا مصطفٰی کے نعروں کی گونج میں جلوسِ میلاد کا سلسلہ ہوا۔

﴿127﴾......اراکینِ بیرونِ مُلک مجلس اپنے ماتحت تمام ذِمّہ داران کے ہر ماہ 3 دن ، 12 ماہ میں 1 ماہ اور عمر بھر یکمشت 12 ماہ کے مدنی قافلوں میں سفر کو یقینی بنائیں۔

﴿128﴾...... مدنی قافلہ اسی صورت میں مانا جائے گا، جب کہ 72 گھنٹے مدنی قافلہ کے جدول کے مطابق پورے کیے ہوں۔

## بیرونِ ملک سفر

﴿129﴾...... بیرونِ مُلک مبلغین کے سفر کے لیے باقاعدہ مجلس بیرونِ مُلک سفر (Overseas Safar) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جس کے تحت پاکستان سمیت دنیا بھر کے مبلغین کا ایک ملک سے دوسرے ملک مدنی قافلوں میں سفر کا سلسلہ ہے۔نگرانِ ممالک اپنے مبلغین کے بیرونِ مُلک سفر کی اجازت و دیگر معاملات کے لیے مجلس بیرونِ مُلک سفر سے رابطہ فرمائیں۔میل آئی ڈی:safar@dawateislami.net

﴿130﴾......نگرانِ ممالک ایسے ممالک میں سفر کا جدول بنائیں، جہاں ویزا پراسس آسان ہو۔

﴾131﴿......سفر مجلس، مبلغین کے بیرونِ مُلک سفر سے پہلے ان کی مدنی تربیت کرے تا کہ دورانِ سفر کوئی ایسی چیز ان کے پاس نہ ہو، جس سے سفر میں آزمائش ہو۔

﴾132﴿...... مبلغین دورانِ سفر گفتگو میں ان چار (4) مدنی پھولوں کو پیش نظر رکھیں۔

(1) ارکانِ اسلام (2) اتباعِ سُنّت، (3) عشقِ رسول، (4) نیکی کی دعوت۔

﴾133﴿......دورانِ سفر بالخصوص ان 5 زبانوں ہندی، بنگلہ، اردو، انگلش اور مقامی زبان میں لٹریچر ساتھ ہونا چاہیے۔ لٹریچر اگر ساتھ رکھنا ممکن نہ ہو تو آئی فون، آئی پیڈ وغیرہ میں ڈبنگ کیے گئے امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے مدنی گلدستوں کے کلِپ (Clip) رکھ لیے جائیں۔ اس سے دورانِ سفر اور پہنچ کر بہت فائدہ ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## مجلس مدنی انعامات

﴾134﴿...... مدنی انعامات کی ایپلی کیشن (Application) کو دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق اپ ڈیٹ کرنے کا طے ہوا۔ جس کی ترکیب مجلس مدنی انعامات مجلس آئی ٹی کے ساتھ مل کر بنائے گی۔ **ہدف: 26 دن**

## ہفتہ وار اجتماع

﴾135﴿...... ہفتہ وار اجتماع تلاوت، نعت، بیان ملاقات، نیکی کی دعوت وملنساری وغیرہ بہت سے خوشبوؤں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ اس سے مدنی کاموں کو تقویت ملتی ہے۔ بیرونِ مُلک میں ہفتہ وار اجتماعات کو مضبوط کیا جائے۔ ہفتہ وار اجتماعات انگلش اور اردو الگ الگ دنوں میں کرنے کا طے ہوا۔ اُردو میں جمعرات اور انگلش میں ہفتہ وار اجتماع اتوار کو ہوا کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

## اسلامی بہنوں کا بیرونِ ملک مدنی کام

﴾136﴿......اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجلس بیرونِ مُلک (اسلامی بہنیں) بننے سے کئی ممالک میں اسلامی بہنوں کا مدنی کام مضبوط ہوا ہے۔

﴾137﴿......اسلامی بھائیوں کی طرح اسلامی بہنوں کے مدنی کام کو بھی 13 ممالک کی ترکیب کے مطابق تقسیم کیا گیا ہے۔

﴾138﴿......ہجویری ممالک (ایران وافغانستان) اور بُخاری ممالک (رشین اسٹیٹس) کے نگرانِ ممالک اپنے ممالک میں اسلامی بہنوں کے مدنی کام شروع کرنے کے لیے اہل محبت اسلامی بھائیوں کے روابط رکنِ شوری

ابو ماجد محمد شاہد عطاری المدنی (نگرانِ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں) کو پیش کریں۔ **ہدف: 19 دن**

﴾139﴿...... مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں کے ذِمّہ داران کا تقرر کر کے ان کے رابطہ نمبر اور ای میل ایڈریس رکنِ شوریٰ ابو ماجد محمد شاہد عطاری کو میل یا واٹس ایپ کر دیں۔ واٹس ایپ نمبر 9226125 312 92+

میل آئی ڈی: ib.overseas@dawateislami.net

## جامعۃُ المدینہ

﴾140﴿...... عنقریب موریشس (Mauritius) اور ہوسٹن (Houston) (امریکہ) میں جامعۃ المدینہ کھولا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَل

﴾141﴿...... بیرونِ مُلک سے آنے والے بعض طلباءِ کرام کو یہاں کے موسم و ماحول وغیرہ میں ایڈجسٹ ہونا کافی دشوار ہوتا ہے لہٰذا بیرونِ ملک کے جامعات المدینہ کو مضبوط کیا جائے۔

﴾142﴿...... عنقریب نیپال اور ہند کے جامعاتُ المدینہ میں دورۂ حدیث شروع کیا جائے گا۔

﴾143﴿...... بیرونِ مُلک کے جامعاتُ المدینہ کے طلباءِ کرام کا دورۂ حدیث باب المدینہ کراچی میں کروایا جائے۔ یوکے کے بعض طلبہ کا باب المدینہ کراچی میں دورۂ حدیث جاری ہے۔

## امامت کورس

﴾144﴿...... معلم امامت کورس نیپال اور یوکے (UK) میں عنقریب شروع کیا جارہا ہے، جن ممالک میں اساتذہ کی ترکیب نہیں بن سکتی وہاں والوں کو باب المدینہ (کراچی) میں آن لائن پڑھانے کا سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَل

﴾145﴿...... رکنِ ہند مجلسِ مشاورت مفتی یحییٰ رضا عطاری ہند میں اب تک امامت کورس کرنے والوں کی معلومات اکٹھی کر کے ان کے مدنی مشوروں کا سلسلہ فرمائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَل

﴾146﴿...... بنگلہ دیش کے اسلامی بھائیوں کے لیے امامت کورس ستمبر 2016 میں کروانے کا طے ہوا۔

﴾147﴿...... نیپال میں جاری امامت کورس سے تیار ہونے والے معلمین میں سے چار کے نام معلم امامت کورس محمد شکیل عطاری المدنی رکنِ شوریٰ حاجی محمد بلال عطاری کو پیش کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَل

## مجلسِ اجارہ

﴾148﴿...... ہند میں ائمہ کرام (اجیر) کے مشاہرے و دیگر معاملات کے تعلق سے ہند مجلس مشاورت طے کرے

www.dawateislami.net

گی۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

﴾149﴿......مجلس اجارہ امامت کی شرائط و مدنی پھول تیار کر کے نگرانِ ممالک کو میل کریں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

﴾150﴿......مجلسِ اجارہ بیرونِ مُلک سفر کرنے والے مبلغین کے اجاروں میں بنیادی مشاہرہ بڑھانے کے تعلق سے طے کرے۔ **ہدف:12 دن**

## مجلسِ مالیات

﴾151﴿...... ہند مجلس مشاورت مخیّر حضرات سے روابط بڑھانے اوران سے مدنی عطیات کرنے کے لیے ذِمّہ داران کا تقرر کرے۔ **ہدف:12 دن**

﴾152﴿......مجلس مالیات آئندہ گوشوارے نگران کابینہ/کابینات یا ملکی مشاورت کے نگران کے دستخط کے ساتھ حاصل کریں۔

﴾153﴿...... بیرونِ مُلک مالیات ذِمّہ دار رکنِ شوری حاجی ابراہیم باپو کی مشاورت سے 63 دن میں ایک بار کابینات/ملک سطح کے مالیات ذِمّہ داران کے مدنی مشوروں کا جدول بنائیں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

## جدول مجلس

﴾154﴿......آئندہ ملکی مشاورت کے نگران اورنگران کابینات کے پیشگی و کارکردگی جدول، اجارہ، سفری اخراجات کی ادائیگی جدول مجلس ذِمّہ دار محمد نعیم عطاری (بیرونِ ملک جدول ذِمّہ دار) کے ذریعے کرنے کا طے ہوا۔ یہ پیشگی و کارکردگی جدول، سفری اخراجات وغیرہ چیک کریں گے۔ان کی ادائیگی کی ترکیب متعلقہ ملک کے مالیات ذِمّہ دار کے ذریعے بنوائیں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

## مجلسِ اثاثہ جات

﴾155﴿...... بیرونِ مُلک اثاثہ جات کی شرعی تفتیش کے لیے مجلس اثاثہ جات سے 63 دن میں کروانے کا ہدف طے ہوا۔ بنگلہ دیش کے لیے روزانہ دن 2 بجے اور ہند والوں کے لیے دن 11 سے 1 بجے کا وقت اثاثہ جات مکتب ذِمّہ دار سے رابطے کا وقت طے ہوا۔

﴾156﴿......تمام نگرانِ ممالک، اپنے ملک کے اثاثہ جات کی شرعی تفتیش مجلس اثاثہ جات سے جلد تر کروالیں۔

﴾157﴿......''چندے کے بارے میں سوال جواب'' اور'' مدنی عطیات کرنے کی شرعی احتیاطیں'' تمام اسلامی بھائی

www.dawateislami.net

پڑھ لیں، بالخصوص مدنی مشوروں میں طے کرکے اسے پڑھوائیں اور ٹیسٹ کی ترکیب بھی بنائیں۔

## مجلس تعویذاتِ عطّاریہ

﴿158﴾......تعویذاتِ عطّاریہ کے بستہ ذِمّہ دار کی اجازت مقام کے ساتھ مشروط ہوتی ہے۔ مقام تبدیل ہونے کی صورت میں اجازت بھی منسوخ ہوجاتی ہے۔ (اجازت کی تجدید کے لیے نگرانِ مجلس سے رابطہ کریں)

﴿159﴾......وہ مبلغین (جن کو تعویذات عطاریہ دینے کی اجازت حاصل ہے) جو اپنے کام کے لیے یا مجلس بیرونِ مُلک کے تحت بیرونِ مُلک کا سفر اختیار کرتے ہیں، انہیں مجلس تعویذاتِ عطاریہ کی اجازت کے بغیر وہاں تعویذات دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

## مکتبۃُ المدینہ

﴿160﴾......ممالک سطح پر ایک مکتبۃ المدینہ کا ذِمّہ دار بنایا جائے۔ **ہدف: 30 دن**

﴿161﴾......بیرونِ مُلک مکتبۃ المدینہ کے لٹریچر کے آرڈر و لین دین کی ترکیب مکتبۃ المدینہ کے مکتب ذِمّہ دار محمد فرحان عطاری خود بنائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ

## مجلس خدامُ المساجد

﴿162﴾......رکنِ شوریٰ حاجی لقمان باپو عطاری مجلس خدام المساجد کے مدنی کام کے تعلق سے ہند مدنی قافلے میں سفر فرمائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ

## رنگ برنگے مدنی پھول

﴿163﴾......ہند میں حسبِ ضرورت مزید وقف مبلغین کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿164﴾......تین مجالس (1) مجلس مدنی انعامات (2) مجلس مدنی قافلہ اور (3) مجلس کورسز کا مشترکہ مدنی مشورہ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) میں ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلّ

﴿165﴾......شافعی عالم و مفتی کی تلاش و مدنی تربیت رکنِ ہند مجلسِ مشاورت مفتی یحیٰی رضا عطاری کریں گے۔ اس کی کارکردگی رکنِ شوریٰ محمد بلال رضا عطاری کو دینے کا **ہدف: 41 دن**

﴿166﴾......بیرونِ مُلک سے 6300 قربانی کے جانوروں کے تقریباً 45000 حصے کرنے کا ہدف طے ہوا۔ تمام ذِمّہ داران اس کے لیے فوراً ترکیب بنائیں۔

**مدنی مشورہ عالمی مجلسِ مشاورت، مجلس بیرونِ ملک** (اسلامی بہنیں)

www.dawateislami.net

| 5 ذوالقعدۃ الحرام 1437ھ | مدنی مرکز فیضان مدینہ باب المدینہ کراچی | 9 اگست 2016ء |
| --- | --- | --- |

## حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور اُمت کی رہنمائی

حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ طیبہ، طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اُمّت کی رہنمائی کے لیے مرجع تھیں۔ صحابہ کرام عَلیھِمُ الرِّضوان آپ سے مسائل حل کرواتے تھے، ان ارشادات سے اب بھی امت فائدہ اٹھا رہی ہے۔ **حضرتِ سیِّدُنا ابوموسیٰ** اَشعری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: ہم اَصحابِ رسول کو کسی بات میں اِشکال ہوتا تو ہم حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صِدِّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کی بارگاہ میں سُوال کرتے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کے پاس سے ہی اِس بات کا عِلْم پاتے۔ (سُنَنُ التِرمذی، ص۸۷۳، الحدیث:۳۸۸۲)

**شارِحِ مشکوٰۃ**، حکیمُ الاُمَّت مفتی احمد یارخان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ المنّان بیان کردہ رِوایت کے تَحت **''مِراٰۃُ المناجیح''** میں تحریرفرماتے ہیں: اَصحابِ رسولُ اللّٰہ کو کسی مسئلہ میں کوئی اِشکال ہوتا اور وہ مشکل کہیں حل نہ ہوتی تو حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صِدِّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھا کے پاس حاضِر ہوتے، اِن کے پاس یا تو اِس کے مُتعلِّق حدیث مل جاتی یا کسی حدیث سے اِس مسئلہ کا اِستِنْباط مل جاتا۔

## وقت دیجئے

﴾167﴿......اسلامی بہنوں کو ذِمّہ داریاں دینے کا مقصد یہ کہ وہ اس ذِمّہ داری کے ذریعے امت کو نفع پہنچائیں۔

﴾168﴿......جس کو ذِمّہ داری دی جائے اس تک رسائی آسان ہو اور وہ عاجزی کا پیکر ہو۔ امیرُ المؤمنین **حضرت** سیِّدُنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گورنرز کے لیے جو شرائط مقرر فرمائیں، اس میں یہ بھی تھی کہ وہ اپنے دروازے پر دربان نہیں رکھیں گے۔

﴾169﴿......مجلس بیرونِ مُلک اور عالمی مجلس مشاورت اُمّت کی رہنمائی کے لیے وقت دیں، صالحات کے واقعات ہمارے رہنما ہیں۔

﴾170﴿......اس بات کو یقینی بنایئے کہ ذِمَّہ داران کی رسائی آپ تک آسان ہو اور جب کسی ضرورت مند یا پریشان حال کی آپ تک رَسائی ہو جائے تو انہیں با قاعدہ (Proper) وقت دیجئے اور ہو سکے تو ہاتھوں ہاتھ متعلق ذِمّہ دار سے رابطہ کر کے ان کے مسئلہ کو یوں حل کر دیں کہ وہ در در کی ٹھوکریں نہ کھاتا پھرے۔ پوری توجہ کے ساتھ اُس کا مسئلہ سننے کی کوشش کریں، جب کوئی پریشان حال بات کر رہا ہو اور وہ ہمیں اس طرح دیکھے کہ ہم اسکی بات پر توجہ نہیں دے رہے ہیں یا اس کی سن کر ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں وغیرہ وغیرہ تو سوچیں اس پر

www.dawateislami.net

کیا گزر رہی ہوگی۔ یاد رہے! جب سرکارِ دو عالم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم، رسولِ مُحتَشَم صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کسی طرف توجُّہ فرماتے تو پورے مُتَوَجِّہ ہوتے۔(الشمائل للترمذی، ص۲۳، رقم:۷)

## بالمشافہ مدنی مشوروں کے لیے ضرور جدول بنائیے

﴿171﴾......کابینات ذِمّہ دار اسلامی بہن اور پاک شعبہ ذِمّہ دار (رکنِ پاکستان مجلس مشاورت) کو ایک ماہ میں 4 کابینہ میں جانا ہوتا ہے۔ جو کابینات حدود کے اعتبار سے بڑی ہیں، ان ذِمّہ دار اسلامی بہن کو ہمت دلا کر اور ان کو حکمتِ عملی اختیار کر کے جدول کو مضبوط بنانے کا ذہن دیں۔ بالمشافہ جدول ضروری ہے ورنہ تنظیمی گرفت کمزور ہو جائے گی۔ حکمتِ عملی یوں اختیار کی جاسکتی ہے کہ جو جو کابینہ اسلامی بہن کی رہائش گاہ سے دور ہو تو اس کا جدول 2 یا 3 دن کا بنایا جائے اس طرح جدول بھی بن جائے گا زیادہ سفر بھی نہیں کرنا پڑے گا۔

﴿172﴾......بنتِ عطار باجی کے ذریعے اسلامی بہنوں کی حوصلہ افزائی کی ترکیب بنتی رہے تو مدینہ مدینہ۔

## اسلامی بھنوں کو مدنی کاموں میں مصروف رکھیں

﴿173﴾...... پیارے آقا، حبیبِ کبریا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے صحابہ کرام عَلَیھِمُ الرِّضوان کو مختلف کاموں میں مصروفِ عمل رکھا مثلاً حصولِ علمِ دین، اپنی اصلاح، دینِ اسلامی کی سربلندی وغیرہ۔ آپ بھی اسلامی بہنوں کو مدنی کاموں میں مصروف رکھیں۔

## اندازِ کارکردگی

﴿174﴾......وہ اندازِ کارکردگی جس کے ذریعے کسی کابینہ کو اوّل، دوم یا سوم قرار دیا جاتا ہے، رکنِ شوریٰ ابو ماجد عطاری پاکستان انتظامی کابینہ کے مکتب سے حاصل کر کے عالمی مجلس مشاورت کو میل کریں گے۔ پہلے نمبر پر آنے والی کابینہ کا جو معیار اسلامی بھائیوں میں رائج ہے، اس سے رہنمائی حاصل کی جائے۔ **ہدف: 7 دن**

## مسائل کا فوری حل کیجئے

﴿175﴾......عالمی مجلسِ شوریٰ مشاورت اسلامی بہنوں کے معاملات کو پینڈنگ نہ کریں۔ ملتوی کئے گئے معاملات (Pending Matters) کو فوراً حل کیا جائے۔

﴿176﴾......مسائل کا فوری حل نہ کرنا اور اِلتِواء (Pending) میں ڈال دینا، تنظیمی کام کی موت ہے، دعوتِ اسلامی میں مسائل کو آئندہ کیلئے اُٹھا رکھنے کی کسی کو اجازت نہیں۔

www.dawateislami.net

﴾177﴿......جو کام عالمی مجلس مشاورت کی طرف سے آئیں، 7 دن کے اندر حل کر لئے جائیں اور نہ ہو سکیں تو معقول وجوہات میل کر دی جائیں۔ جس مسئلے یا مدنی کام کا تعلق جس رُکن شوریٰ سے ہو، اُن کے ذریعے مدنی کام کی ترکیب بنائی جائے، اگر وہ جواب نہ دیں تو رُکنِ شوریٰ ابو ماجد عطاری مُتعلِّقہ (م۔ت۔عَل۔لِ۔ق۔ہ) ممالک کی مشاورت کے نگران یا اسلامی بہنوں کے ذِمّہ دار اسلامی بھائی سے رابطہ کر لیا کریں۔

## شعبۂ تعلیم کو مضبوط کیجئے

﴾178﴿......شعبۂ تعلیم میں مدنی کام کو مضبوط کریں، تعلیمی اداروں میں مدنی کام مضبوط ہونے سے دارُالمدینہ للبنات کے لیے تربیت یافتہ اسلامی بہنوں کا حصول ممکن ہو سکے گا۔

﴾179﴿......تعلیمی اداروں، میڈیکل کالج، تمام پروفیشنل اداروں میں مدنی کام کی ضرورت ہے۔

﴾180﴿......لیکچرار، انجینئر، پائلٹ، ڈاکٹر اسلامی بہنوں سے ملاقات کی ترکیب بنائیں، انہیں دعوتِ اسلامی کا تعارف کروائیں اور ہفتہ وار اجتماع کی دعوت دیں۔

﴾181﴿......تعلیمی اداروں میں کیا کیا مدنی کام ہو رہا ہے؟ ان سے وابستہ طالبات اور ٹیچرز کی الگ الگ جامع کارکردگی تیار کی جائے۔ جو وابستہ ہیں، کیا ان پر تنظیمی ذِمّہ داریاں ہیں؟ اسکی بھی وضاحت کی جائے۔

## اثاثہ جات کے مدنی پھول

﴾182﴿......جگہ خریدنے یا وقف کے حوالے سے اصل کاغذات دعوتِ اسلامی کے نام کروائے جائیں۔ 2 اراکینِ شوریٰ ابو ماجد عطاری مدنی اور ابو جمیل عطاری مدنی جگہ کے متولی ہوں گے اور ان کے ماتحت تین رکنی مجلس جو انتظامیہ کہلائے گی اور وہ اس کے شرعی و قانونی سارے معاملات دیکھیں گے۔ جگہ کے بارے میں یہ بھی دیکھنا ہوتا ہے کہ اس میں جس مَدَنی کام کی ترکیب بنے گی وہاں اسلامی بہنیں پہنچ سکیں گی۔

﴾183﴿......جگہ کے بارے میں تین درخواستیں بنی ہوئی ہیں۔ ہر جگہ کی نوعیت کے مطابق اس کے لیے مَدَنی عطیات وُصُول کرنے کے الفاظ جُدا ہوتے ہیں۔

## تقرری

﴾184﴿......کابینات سطح پر تقرر کرتے وقت ان باتوں کا بالخصوص خیال رکھا جائے کہ وہ اس کی اہل، وقت دینے والی، رپلائی کرنے میں مضبوط ہو اور وہاں کی اسلامی بہنیں اس سے مطمئن ہوں۔

﴾185﴿......اہل کو فارغ نہیں کرنا، نا اہل کو کام نہیں دینا۔

## تنظیمی ترکیب

﴾186﴿......اسلامی بہنوں کی تنظیمی ترکیب وہی ہے، جو اسلامی بھائیوں کی ہے، حتّی الامکان اسے برقرار رکھئے البتہ جہاں اسلامی بہنوں کو مدنی کام کرنے میں دُشواری ہو، وہاں کے نگران کابینہ یا کابینات اور رُکنِ شوریٰ ابو ماجد کے مشورے سے تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

## کارکردگی کا جائزہ اور تبدیلی

﴾187﴿......مدنی کام کو بڑھانے کے لیے کارکردگی کا جائزہ، اچھے کام پر حوصلہ افزائی اور کمزوری پر تفہیم کا ہونا ضروری ہے۔ بار بار تفہیم سے کارکردگی میں بہتری نہ آئے تو ذِمّہ دار کو تبدیل کر دیا جائے۔

﴾188﴿......کام کتنا ہی اچھا ہو اپنی کارکردگی پر مطمئن نہیں ہونا چاہیے بلکہ مزید کوشش کرنی چاہئے۔ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ بطورِ عاجزی فرماتے ہیں: ابھی تو ہم نے مدنی کام شروع ہی نہیں کیا۔

﴾189﴿......مسلسل کارکردگی کا جائزہ اور اس کے بعد مزید اہداف کا سلسلہ رکھیں نیز مدنی تربیت کا سلسلہ جاری رکھیں۔

## رنگ برنگے مدنی پھول

﴾190﴿......دعوتِ اسلامی کی اصطلاح ''شرعی پردہ'' ہے، اسلامی بہنوں کو شرعی پردے کی دعوت دیتی رہیں۔

﴾191﴿......مدنی برقع بھی شرعی پردے کی اچھی صورت ہے۔

## ملفوظاتِ امیر اہلسنّت (دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ)

﴾192﴿......(شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نے اس مدنی مشورے میں بذریعہ صوری پیغام (Video Message) اسلامی بہنوں کی مدنی تربیت فرمائی)

❁ اللہ عَزَّوَجَلَّ اِخلاص کے ساتھ مدنی کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے کیونکہ اِخلاص کے ساتھ جو کام کیا جاتا ہے وہی اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں مقبول ہوتا ہے۔ ❁ تنظیمی مسائل سے بچنے کے لیے اپنی زبان کی حفاظت کرتے ہوئے، سنجیدہ رہنے کی کوشش کیجیے کہ اِس سے مسائل کم ہوں گے۔ ❁ اپنی زبان کی حفاظت کرتے ہوئے دوسروں پر طنز کرنے اور ان کا مذاق اُڑانے سے بچنے کی کوشش کیجیے۔ ❁ اگر بِالفرض مدنی مشورے یا عام گفتگو میں کوئی ایسی

www.dawateislami.net

کمزور بات یا مذاق وغیرہ ہو بھی جائے، جس سے کسی کی دِل آزاری ہوتی ہو تو (اگر چہ سامنے والا ہنس رہا ہو تب بھی) فوراً اس سے معافی مانگ لیجیے اور ہمیشہ اپنا یہ ذہن بنایئے کہ اگر ہم کسی کو راحت نہیں پہنچا سکتے تو اسے تکلیف بھی نہ پہنچائیں، اس سے محبت بڑھے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل ❁ مدنی مشورے وغیرہ میں صرف اپنی رائے کو ہی فوقیت دینے کے بجائے دوسروں کی رائے کو بھی اَہمیت دیجیے کہ جو دوسروں کی رائے کو اَہمیت دیتا ہے، اُسے بھی اَہمیت دی جاتی ہے اور بسا اوقات مشورہ دینے والا اگر چہ چھوٹا ہوتا ہے مگر بہت ہی اچھا مشورہ دے دیتا ہے۔ ❁ ہمیشہ حکمتِ عملی اور نرمی اِختیار کیجیے کہ بغیر حکمتِ عملی اور نرمی کے کوئی کام نہیں ہوسکتا۔ ❁ بعض اسلامی بہنیں بھی اسلامی بھائیوں کی طرح جذباتی ہوتی ہیں اور وہ شاید مدنی برقع پہنانے کو ہی مدنی کام سمجھتی ہیں کہ کسی کو مدنی برقع پہنا دیا تو گویا اُسے وِلایت کی ساری مَنازِل طے کرا دیں۔ ❁ نئی اسلامی بہنوں کو اوّلاً حکمتِ عملی اور نرمی کے ساتھ نماز پڑھنے کی دعوت دی جائے، جب وہ نماز کی پابند ہوجائیں تو مزید ان مدنی کاموں کی ترغیب دِلائی جائے جن پر عمل کرنا آسان ہے مثلاً ماں باپ کی اِطاعت کرنے کا ذہن دیا جائے اور اگر وہ شادی شدہ ہوں تو انہیں بچوں کے ابو کی اِطاعت کا بھی ذہن دیا جائے تو یوں آہستہ آہستہ انہیں شریعت وسُنّت کا پابند بنانے کی کوشش کی جائے۔ ❁ حکمتِ عملی اور نرمی سے کام لیتے ہوئے اوّلاً نئی اسلامی بہنوں کو آسان آسان باتوں کی ترغیب دِلا کر ان کے دل ودماغ میں شریعت وسُنّت کی اَہمیت اُجاگر کی جائے، جب شریعت وسُنّت کی اَہمیت انہیں معلوم ہو جائے گی تو وہ خود بخود پردے کا بھی اِہتمام کرنے لگ جائیں گی۔ ❁ یاد رکھیے! مدنی برقع فرض یا واجب نہیں ہے، شرعی پردہ فرض ہے۔ اگر کوئی برائے نام مدنی برقع پہن لے لیکن غیر محرموں سے شرعی پردہ نہ کرے، مدنی برقع پہننے کے باوجود اس کے اَعضاء نظر آرہے ہوں تو اسے شرعی پردہ نہیں کہا جائے گا، اس کے برعکس اگر کسی نے مدنی برقع تو نہیں پہنا مگر اس نے چادر وغیرہ کے ذریعے اپنے بدن کے تمام اعضاء کو اچھے طریقے سے چھپا لیا اور وہ غیر محرموں کے سامنے بے پردہ نہیں ہوتی تو یہی شرعی اور حقیقی پردہ ہے، جس کا شریعتِ مطہّرہ نے حکم دیا ہے۔ ❁ صرف دو چار چیزوں کو لے کر ان پر سختی کرتے رہنے کا نام مدنی کام نہیں بلکہ ہمارا کام اپنی اِستطاعت کے مطابق کوشش کیے جانا اور رِضائے الٰہی حاصل کرنا ہے ❁ پاکستان کے علاوہ دوسرے ممالک میں مدنی کاموں کی اتنی آزادی نہیں اور نہ ہی مسلمانوں کی اتنی اکثریت، اس لیے ذِمّہ دار اسلامی بہنوں کو بہت زیادہ اِحتیاط کی

حاجت ہے لہٰذا وہاں پر مدنی مرکز کے بتائے ہوئے مدنی پھولوں اور اُصولوں کے مطابق ہی حکمتِ عملی اور نرمی سے کام کیا جائے۔ ۞ اگر کوئی اپنی مرضی سے کوئی کام کر لے تو بعض ذِمّہ داران کی عادت ہوتی ہے کہ وہ فوراً غصّے میں آ جاتی ہیں کہ کس سے پوچھ کر یہ کام کیا؟ ایسی صورتِ حال میں غصّے میں آنے کے بجائے نرمی کے ساتھ اس اسلامی بہن کو مدنی مرکز کا طریقۂ کار اور مدنی پھول بتا کر اَحسن انداز میں اس کی اِصلاح کی جائے۔ ۞ بعض اسلامی بہنیں بات بات پر موڈ آف کر لیتی، منہ چڑھاتی اور ناراض ہو جاتی ہیں بالخصوص بڑی عمر کی اسلامی بہنوں میں یہ باتیں زیادہ پائی جاتی ہیں اور انہیں زیادہ غصّہ آتا ہے۔ یاد رکھیے ! بات بات پر ناراض ہونے اور غصّہ کرنے والی اسلامی بہنیں اور اسلامی بھائی کبھی بھی مدنی کاموں میں کَمَا حَقُّہٗ کامیابی حاصل نہیں کر سکتے۔ ۞ بعض مبلّغین اور مبلّغات اپنی اِنفرادی کوشش میں ماہر ہونے کی وجہ سے کافی اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو جمع کر لینے میں تو کامیاب ہو جاتے ہیں مگر کسی چھوٹی سی بات پر غصّے میں آ کر اپنا بنا بنایا کھیل بگاڑ کر رکھ دیتے ہیں تو یوں اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں ان سے بدظن ہو کر دُور ہو جاتے ہیں۔ ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے، جو اپنے مہمان کو عمدہ سے عمدہ بریانی کھلائے، مہمان کے منہ سے کوئی معمولی سی بات اس کے خلاف نکل جائے تو وہی پلیٹ جس میں اسے کھانا کھلایا، اُس کے منہ پر دے مارے ۞ ذِمّہ داران کو صبر و تحمل اور عفو و درگزر کا مظاہرہ کرتے ہوئے خلافِ مزاج باتوں اور کاموں پر صبر کر کے اجر و ثواب حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ۞ مدنی کاموں کے ساتھ ساتھ اِنفرادی عبادت مثلاً تلاوتِ قرآنِ پاک، نوافل، ذِکر واَذکار اور اپنے پیر صاحب کے شجرے کے اَوراد و وَظائف پڑھنے کا بھی معمول بنا لیجیے کہ اس کی بڑی برکتیں ہیں۔ ۞ جب جب ممکن ہو اور کوئی شرعی رکاوٹ بھی نہ ہو تو نفلی روزے رکھنے کا اِہتمام کیجیے، یاد رہے کہ اسلامی بہنیں نفلی روزہ بچوں کے ابّو کی اجازت کے بغیر نہیں رکھ سکتیں۔ ۞ ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اِجتماعات اور تمام مدنی کاموں کو مضبوط کرنے کی کوشش کیجیے۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے محارِم پر بھی اِنفرادی کوشش کر کے انہیں دعوتِ اسلامی کے سُنّتوں بھرے اِجتماعات میں شرکت اور عاشقانِ رسول کے ہمراہ سُنّتوں کی تربیت کے مدنی قافلوں میں سفر کرنے کا ذہن دیجیے، اس مقصد میں آپ اسی وقت کامیاب ہو سکیں گی، جب آپ کا گھر میں اخلاق اور کردار ستھرا ہو گا اور آپ کے گھر والے آپ سے متأثر ہوں گے۔ ۞ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کے اخلاق و کردار کو ستھرا بنائے اور ہمیں اِخلاص کے ساتھ

www.dawateislami.net

مدنی کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## مرکزی مجلسِ شُوریٰ کے آیندہ مدنی مشورے کا جدول اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(۱۴۳۸ھ، 2016ء)

| مدنی مشورہ | شرکاء | تاریخ ہجری | تاریخ عیسوی | دن | وقت |
|---|---|---|---|---|---|
| مرکزی مجلسِ شوریٰ | اراکینِ شوریٰ | ۲۰ محرم | 22 اکتوبر | ہفتہ | دن 02:00 بجے تا رات وقتِ مناسب |
| پاکستان انتظامی کابینہ | نگرانِ کابینات، نگرانِ کابینہ، پاکستان شعبہ جات ذِمہ داران | ۲۱ محرم | 23 اکتوبر | اتوار | // |
| // | // | ۲۲ محرم | 24 اکتوبر | پیر | // |
| پاکستان انتظامی کابینہ | نگرانِ کابینات | ۲۳ محرم | 25 اکتوبر | منگل | // |
| مجلس بیرونِ ملک | ممالک ذِمہ داران وشعبہ جات ذِمہ داران | // | // | // | // |
| عالمی مجلسِ مشاورت | عالمی مجلسِ مشاورت | ۲۴ محرم | 26 اکتوبر | بدھ | دن 02:00 تا 05:00 |

## مدنی اِلتجاء

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ** کئی برسوں سے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ **شوریٰ** کے مدنی مشورے وقتاً فوقتاً کئی کئی دِنوں تک دعوتِ اسلامی کے **عالمی مدنی مرکز** فیضانِ مدینہ، مَدِیْنَۃُ الْمُرشِد، **بابُ المدینہ** (کراچی) میں جاری رہتے ہیں، **باہمی مشاورت** سے جو طے ہوتا ہے، اِس کو **مختصراً** تحریر کرلیا جاتا اور ضرورتاً ترمیم وتخریج کے ساتھ **ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی** کی طرف بھیجا جاتا ہے۔ **اِن مدنی پھولوں** سے بھرپور فائدہ اُٹھا کر نہ صرف اپنے مُلکوں، ڈویژنوں، شہروں اور شعبوں میں **نافذ** کریں بلکہ اپنے قیمتی مشوروں سے بھی نوازیں۔ **برائے کرم!** اِن مدنی پھولوں کو **7 دِن** کے اندر اندر

www.dawateislami.net

مُتَعلِّقہ ذِمّہ داران تک پہنچا کر تصدیق وتوثیق (Confirmation) لیں اور اپنے نگران کو بھی مطلع کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو امیرِ اہلِ سُنّت دَامَت بَرَکَاتُہُم العالیہ کی غلامی اور دعوتِ اسلامی پر اِخلاص و عافیّت کیساتھ اِستقامت نصیب فرمائے۔ اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

**تاریخِ اجراء: ۲۱ ذُوالْقَعْدَۃِ الْحَرَام ۱۴۳۷ھ، 25 اگست 2016ء**

www.dawateislami.net